© rasailojaraid.com

ملک کو بیدردی سے لوٹا ہے ان کا احتساب از حد ضروری ہے اور جن لوگوں نے ملک سے چوری کی ہے اس کو چور کی سزا دینی چاہیے۔ اجتماع میں ہزارہ ڈویژن کے علماء نے مولانا مدظلہ پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے ان سے اپیل کی کہ وہ موجودہ تاریکیوں میں آپ کی ذات پر پوری قوم کی نظریں لگی ہوئی ہیں۔ تمام مذہبی طبقے محرومیوں کے شکار ہیں اس لئے آپ میدان عمل میں اتر کر بکھرے ہوئے شیرازہ کو اکٹھا کریں۔ اپنے خطاب میں آپ نے بزرگ پیر طریقت مولانا سید نواب حسین شاہ کی خدمات کو سراہا اور ان کے صاحبزادگان مولانا طاہر شاہ اور مولانا محمود الحسن شاہ سے تعزیت کی۔ اجتماع سے مولانا قاضی مطیع الرحمٰن، مولانا عتیق الرحمٰن، مولانا رفیق الرحمٰن، مولانا سید یوسف شاہ، خطیب بٹگرام مولانا عبدالحئی، مولانا چراغ الدین شاہ، مولانا خلیل اللہ حقانی، نصیر الدین اور دیگر علماء نے بھی خطاب کیا۔ مولانا سمیع الحق مدظلہ نے اس سے قبل ایبٹ آباد میں دارالعلوم حقانیہ کے قدیم استاد حضرت مولانا فضل مولیٰ کے قائم کردہ مدرسہ جامعہ اسلامیہ میں علماء طلباء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کوئی مدرسہ دہشت گردی میں شریک نہیں، دینی مدارس امن وسلامتی کے گہوارے ہیں۔ ہم خود دہشت گردی کے شکار ہیں۔ حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ نے کہا کہ خودکش حملے فتوؤں سے نہیں حکومت کی موجودہ امریکہ نواز پالیسی سے رک سکتے ہیں۔ آخر میں مولانا مدظلہ نے شیخ الحدیث مولانا فضل مولا کے لئے فاتحہ خوانی اور دعائے مغفرت کی۔ حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ نے بعد میں جمعیۃ کے رہنماء مولانا قاضی مطیع الرحمٰن کی طرف سے اپنے اعزاز میں دیئے گئے ظہرانے میں شرکت کی اور ان کے قریبی رشتہ دار قاضی عزیز الرحمٰن کے لئے دعائے مغفرت کی۔ قائد جمعیت حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ نے بعد میں مانسہرہ مسجد کے خطیب مولانا فیض الباری کی والدہ کی تعزیت بھی کی اسی طرح ہری پور میں جمعیۃ کے رہنما مولانا غلام مصطفیٰ شامی اور مولانا فضل مولا کی عیادت فرمائی۔

## دار العلوم کے ختم بخاری میں اہلیہ حضرت مولانا محمد سالم قاسمی مدظلہ، جناب ایوب مامون کی اہلیہ، ہمشیرہ حضرت مولانا سید رحیم اللہ باچا مدظلہ اور حضرت مولانا مفتی منظور احمد تونسوی کیلئے دعائے مغفرت:

دار العلوم میں مسلمانوں اور ملک کو درپیش صورتحال کے بارہ میں وقفہ وقفہ سے بخاری شریف کے ختم کا سلسلہ جاری ہے۔ امۃ مسلمہ پاکستان بالخصوص دینی مدارس کو درپیش خطرات اور دفع آفات وبلیات کے لئے ۲۲ دسمبر کو بھی ایوان شریعت میں ختم بخاری شریف کیا۔ اسی اثناء میں دیوبند سے حضرت مولانا محمد سالم قاسمی، مہتمم دار العلوم دیوبند (وقف) کی اہلیہ کی وفات کی اطلاع ملی۔ مرحومہ کے لئے ایصال ثواب اور دعائے مغفرت کی گئی۔ دار العلوم حقانیہ کے دیرینہ معاون حضرت مولانا عبدالحق نوراللہ مرقدہ کے خصوصی عقیدت مند، ماہنامہ الحق کے پرانے قاری جناب ایوب مامون (کراچی) کی اہلیہ گزشتہ دنوں انتقال فرما گئیں۔ انکے لئے بھی دعائے مغفرت کی گئی

© rasailojaraid.com